## منصوبہ تحقیق:

مقالہ ہذا میں معجزات کی ابحاث میں انوار اللہ فاروقی کے منہج واسلوب کا جائزہ لیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

باب اول میں مولانا انوار اللہ فاروقی اور ان کی کتاب "مقاصد الاسلام کا اجمالی تعارف بیان کیا گیا ہے۔ اس میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ جسکی تفصیل اس طرح ہے:

پہلی فصل میں مولانا انوار اللہ فاروقی کے احوال و آثار کو بیان کیا گیا ہے۔ دوسری فصل میں آپ کی تصنیفی خدمات کا اجمالی تعارف کا بیان ہے۔ تیسری فصل مولانا انوار اللہ فاروقی کی کتاب "مقاصد الاسلام" کے تعارف پر مشتمل ہے۔

باب دوم میں مقاصد الاسلام اور معجزات کا بیان ہے۔ جسکی تفصیل کچھ اس طرح ہے:

اس میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ فصل اول مقاصد الاسلام کے ماخذ پر ہے۔ فصل دوم معجزہ اور اس کی ضرورت و اہمیت کے بیان میں ہے۔ فصل سوم میں معجزات کے بیان میں مقاصد الاسلام کے منہج واسلوب کو ذکر کیا گیا ہے۔

باب سوم میں معجزات کا بیان (تجزیاتی مطالعہ) زیر بحث لایا گیا ہے۔ اس کی تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ جسکی تفصیل اس طرح ہے:

فصل اول میں دست مبارک کے معجزات کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل دوم میں لعاب دہن کے معجزات کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل سوم میں متفرق معجزات کو بیان کیا گیا ہے۔ مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات، تجاویز و آراء اور مصادر و مراجع کو بیان کیا گیا ہے۔